1

خیبر پختونخوا کے سرکاری ملازمین کی خدمات کا (ترمیمی قانون، مجریہ 1989ء)

خیبر پختونخوا کے 1989ء کا قانون نمبر 1.

فہرست.

افتتاحیہ.

1. مختصر عنوان، اور نفاذ.

2. خیبر پختونخوا کے 1973ء کے قانون نمبر XVIII کی دفعہ 8 میں ترمیم.

3. خیبر پختونخوا کے 1973ء کے قانون نمبر XVIII کی دفعہ 13 میں ترمیم.

4. منسوخی.

خیبر پختونخوا کے سرکاری ملازمین کی خدمات کا(ترمیمی قانون،مجریہ 1989ء)

خیبر پختونخوا کے 1989ء کا قانون نمبر .1

ایک قانون.

خیبر پختونخوا کے سرکاری ملازمین کے قانون، 1973ء میں مزید ترمیم کے لیے۔

دیباچہ/افتتاحیہ۔

چونکہ یہ ضروری ہے، کہ خیبر پختونخوا کے سرکاری ملازمین کی خدمات کے قانون 1973ء (خیبر پختونخوا 1973ء کا قانون نمبر XLIII) کی دستاویز کے ذیل میں شائع ہونے کے مقاصد کے لیے مزید ترمیم کی جائے۔

اس کا نفاذ درج ذیل طریقے سے ہوگا۔

1. __مختصر عنوان، اور نفاذ:-__

(1) یہ قانون خیبر پختونخوا کے سرکاری ملازمین (ترمیمی) قانون 1989ء کے نام سے کہلایا جائے گا۔

(2) یہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔

2. __خیبر پختونخوا کے 1973ء کے قانون نمبر XVIII کی دفعہ 8 میں ترمیم:__ خیبر پختونخوا کے سرکاری ملازمین کے قانون 1973ء (خیبر پختونخوا کا قانون نمبر (XVIII) کی دستاویز کے ذیل میں دفعہ 8 میں ذیلی دفعہ (4) کے بعد مندرجہ ذیل نام سے نیا ذیلی دفعہ شامل کیا جائے گا۔

"(5) ذیلی دفعہ (1) کے تحت تیار کی گئی سینیارٹی لسٹیں کم از کم ایک مرتبہ ایک کلینڈر سال میں سرکاری جریدے میں شائع کی جائینگی۔

3. خیبر پختونخوا کے 1973ء کے قانون نمبر XVIII کی دفعہ 13 میں ترمیم: اسی قانون میں سیکشن 13 کی جگہ مندرجہ ذیل نامی دفعہ شامل کی جائیگی۔

''13. **ملازمت سے ریٹائرمنٹ:** (1) ایک سرکاری ملازم، ملازمت سے ریٹائرڈ تصور ہوگا۔

1. کسی شخص کی پنشن یا دیگر ریٹائرڈمنٹ کے فوائد کے لیے 25 سال ملازمت کے پورے ہونے کے دن سے یا حاکم مجاز مفاد عامہ کی خاطر جیسے مناسب سمجھیں حکم دیں۔

یا

2. اگر ذیلی دفعہ (1) کے تحت کوئی ہدایت نہ کی گئی ہو تو ساٹھ سال کی عمر میں ریٹائرڈ ہوگا۔ یا،

(2) اگر شق (i) کے تحت کوئی ہدایت نہ دی گئی ہو تو عمر کے ساتھ (60) ساٹھ سال پورے ہونے پر کوئی حکم نامہ بھی ذیلی دفعہ (1) کی شق (الف) کے تحت ایک سرکاری ملازم کے خلاف کوئی بھی قدم نہیں اٹھایا جائے گا۔ جب تک کہ حاکم مجاز اس تحریراً اسے اطلاع دے کہ کن وجوہات کی بناء پر ایک ایسا حکم نامہ جاری ہوا اور اس اسکے خلاف کئے گئے حکم نامے کے سلسلے میں وجہ ظاہر کرنے کا موقع دیا جائے گا۔

وضاحت:

اس سیکشن میں ''حاکم مجاز'' سے مراد حاکم مجاز تقرر کنندہ یا حاکم مجاز تقرر کنندہ کی طرف سے اس سلسلے میں اختیار کردہ ایک ایسا شخص جو متعلقہ سرکاری ملازم سے عہدے/منصب میں بڑا ہو۔

یا،

4. منسوخی: خیبر پختونخوا سرکاری ملازمین (ترمیمی) آرڈیننس، 1989ء (خیبر پختونخوا کے 1989ء کا آرڈیننس نمبر 2) منسوخ کیا جاتا ہے۔